QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 190

صارفین بجلی کی شکایات کیلئے 118 پر فون یا بذریعہ میسج 8118 پر پیغام بھیج سکتے ہیں

کوئٹہ: 27 جنوری 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) صارفین کی خدمت اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے تمام مصروف عمل ہے۔صارفین کی سہولت کے پیش نظر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی ہدایات پر بجلی سے متعلق شکایات کے اندراج اور فوری ازالے کیلئے فیلڈ آپریشن افسران اور ملازمین شب و روز سرگرم ہیں تاکہ کم سے کم وقت میں صارف کے مسائل کا حل یقینی بنائی جاسکے۔اس سلسلے میں کیسکو کے تمام صارفین بجلی سے متعلق اپنی شکایات کے اندراج اور بروقت ازالہ کیلئے 118 پر براہ راست کال کرسکتے ہیں جبکہ 8118 پر پیغام (SMS) کے زریعے بجلی بل کا حوالہ نمبر لکھ کر ارسال کرسکتے ہیں۔جس پر فوری کارروائی عمل میں لاکر مختصر وقت میں صارف کی شکایات کا ازالہ کیا جائے گا۔صارفین اپنے متعلقہ سب ڈویژنز کے ٹیلی فون نمبر پر رابطہ کرکے اپنی شکایات درج کرواسکتے ہیں۔کیسکو اپنے تمام صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ بجلی کی بندش، بلوں میں درستگی، میٹر ریڈنگ کی غلطی اور بجلی کے نئے کنکشن کی فراہمی سے متعلق کسی بھی شکایات کیلئے اب براہ راست 118 پر کال اور موبائل سے بذریعہ میسج (SMS) 8118 پر بجلی بل کا حوالہ نمبر درج کرکے اپنی شکایات ارسال کرسکتے ہیں۔